سوال

(322) سگریٹ پینے والے کی امامت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید مسجد اہل حدیث کا امام نماز ہے۔ ہمیشہ بیڑی سگریٹ پیا کرتا ہے۔ خارج مسجد میں بھی اور گلی کوچوں میں بھی پیتا پھرتا ہے۔ لوگ فتویٰ پوچھتے ہیں کہ بیڑی سگریٹ پینے والے کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے۔ ؟ خصوصا نماز سے 15 یا 10 منٹ پہلے بیڑی یا سگریٹ پی کر وضو کرکے نماز پڑھاتا ہے۔ آیا ایسا شخص امامت کے لئے سزاوار ہے یا نہیں۔ ؟ تمبا کو حلال ہے یا حرام؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تمباکو پینا منع ہے حدیث شریف میں آیا ہے۔

"نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن المبفر" ''یعنی مفتر (1) چیز سے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے۔'' امام جماعت کو ترک کردینا چاہیے۔ اگروہ نماز پڑھائے تو نماز ہوجاتی ہے۔

1۔ دکاغ میں فتور اور نشہ پیدا کرنے والی چیز جس سے دماغ میں چکر پیدا ہوجائے۔ 12 منہ

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 527

محدث فتویٰ